19/03/2026

09.25AM (5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں ۔مسرت شاہ۔

ایل جی آرتی

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے لوگوں پر زور دیا ہے کہ وہ جموں ڈویژن میں دریا کے کناروں پر آباد قصبوں اور دیہات میں مقامی آبادی کے اشتراک سے روزانہ یا پھر ہفتہ وار بنیادوں پر شام کی آرتیوں کا اہتمام کریں۔ کل جموں میں " شری رگوناتھ جی کی جموں آرتی سنستھا"کی طرف سے منعقد کی گئی شری رگوناتھ جی کی جموں آرتی میں شرکت کرنے کے بعد خطاب کرتے ہوئے انہوننے کہا کہ جموں شہر جسے مندروں کے شہر کے نام سے بھی جانا جاتا ہے کو مزید خوبصورت اور جاذب نظر بنانے کیلئے ہر ممکن اقدامات کئے جا رہے ہیں۔

نو راترہ

آج سے نو روزہ ، نوراتروں کا آغاز ہوا ۔ نو راترہ کے سلسلے میں مندروں خاص طور سے کٹرہ میں شری ماتا ویشنو دیوی استھا پن پر کافی تعداد میں شردھالوؤ حاضری دیتے ہیں اور دیگر مندروں میں بھی خصوصی پوجا پاٹ کا اہتمام کیا جاتا ہے ۔ کشمیری پنڈت برادری آج کے دن کو نو رہ کے طور پر مناتے ہیناور وہ ہاری پربت میں شاریکا دیوی مندر میں حاضری دیتے ہیں۔

ایل جی مبارکباد

کے موقعے پر لوگوں کو Cheti Chandاورyacute Gudi Padava،Ugadi، Sukladi Chaitraلیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے نورہ ، مبارکباد دی ہے۔

اپنے مبارکبادی کے ایک پیغام میں انہوننے کہا کہ یہ تہوار نئے برس کی شروعات کے ساتھ ساتھ لوگوں میں امید اور اعتماد کی نئی کرن پیدا کر تے ہیں۔

نوراتری کے موقعے پر لوگوں کو مبارکباد دی ہے۔ انہوننے کہا کہ نوراتری نئے سال کی Chaitraوزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے شروعات کے ساتھ ساتھ سچ کی جیت کی عکاسی کر تا ہے۔

نائب وزیر اعلیٰ سریندر چودھری، کا بینہ وزراءستیش شرما، جا وید احمد رانا، سکینہ ایتو اور جا وید احمد ڈار نے بھی نوراترا کے موقعے پر لوگوں کو مبارکباد دی ہے۔

PDP صدر محبوبہ مفتی نے بھی لوگوں کو نو رہ اور نو راترہ کے موقعے مبارکباد دیتے ہوئے ان کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے۔

جنتا دل یونائیٹڈ جموں کشمیر کے صدر جی ایم شاہین نے نو راترہ کے موقعے پرلوگوں کو مبارکباد دی ہے ۔

کشمیروی کے بردی اور جموں کشمیر پولیس کے تمام افسروں نے پولیس شہیدوں کے IGPڈائریکٹر جنرل پولیس نلین پربھات، کنبوں اور جموں کشمیر کے عوام کو نو راترہ اور عیدا لفطر کے موقعے پر مبارکباد دی ہے۔

اینٹی کورپشن بیورو جموں کشمیر کے ڈائریکٹر شکتی کمار پاٹھک نے بھی ان مقدس تہواروں کے موقعے پر لوگوں کو مبارکباد دی ہے۔

سکمز

سکمز

شیر کشمیر انسٹی چیوٹ آف میڈیکل سائنسز صورہ سرینگرمینکل کچھ جدید تشخیصی آلات اورسہولیات کو کمیشن کیا گیا۔ جن کی بدولت انسٹی چیوٹ میں مریضوں کو دستیاب طبی سہولیات میں بہتری آئے گی ۔ انسٹی چیوٹ کے ڈائریکٹر پروفیسر محمد اشر ف گنائی نے ان سہولیات سے متعلق جانکاری دیتے ہوئے آکاشوا نیوز سرینگرکے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

................Byte............

مختا رموسم

وادی کے مختلف علاقونمیں پچھلے دو ایک روز سے ہلکی سے درمیانہ درجے کی بارشوں کاسلسلہ رک رک کر جاری ہے ۔ کئی بالائی علاقوں میں برف باری ہونے کی بھی اطلاعات موصول ہوئی ہیں۔

ابھرتی ہوئی موسمی صورتحال کے تعلق سے سرینگر میں محکمہ موسمیات کے ڈائریکٹر ڈاکٹر مختار احمد نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا ۔

------BYTE-----

اطلاع

عوامی شکایات پر مبنی آکاشوانی نیوز سرینگرکے ہفتہ وار پروگرام" شہر شہر منظر"کاآج کا شمارہ صبح ساڑھے 9بجے کے بجائے آج رات 10بجے نشر کیاجائے گا۔
یہ تبدیلی ایک اہم نشریے کے پیش نظرصرف آج کے شمارے کیلئے ہوگی۔
ویلفیئر
نے عید الفطر سے پہلے بیوہ عورتوں ، یتیموں Majid جے کے ویلفیر سوسائٹی عید گاہ سرینگر کے چیرمین شیخ
تقسیم کئے تاکہ یہ لوگ بھی احسن طریقے پر عید منا سکیں۔ Food Kits اور ضرورت مندوں میں2سو سے زائد
GCC
آفیسر امت کُشاری کی وفات IAS جموں کشمیر نے 1970 بیچ اور جموں کشمیر کاڈر کے Group of Concerned Citizens
نے کہا کہ آنجہانی نے تین دہائیوں تک جموں کشمیر میں اپنے GCC پر دکھ اور صدمے کا اظہار کیا ہے ۔ ایک پیغام میں
فرائض کی انجام دہی کے دوران بے مثال کام کیا ۔
صوبائی کمشنر
ڈویژنل کمشنر کشمیر انشل گرگ نے سرینگر میں ایک میٹنگ کے دوران عید الفطر ، نو روز اور نو راترہ تہواروں کے سلسلے میں مختلف محکموں کی طرف سے کئے جا رہے انتظامات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے افسروں کو ہدایت دی کہ وہ ان مقدس ایام کے دوران لوگوں کیلئے ہر طرح کی سہولیات دستیاب رکھیں۔
جاجو
میں کلیدی AdTrust Summit-2026اطلاعات و نشریات محکمے کے مرکزی سیکریٹری سنجے جاجو نے کل ممبئی میں
نظام وجود میں لانے پر Advertising خطبہ پیش کیا۔ اس موقعے پر انہوننے ملک میں ایک ذمہ دارانہ شفاف اور با اعتبار
کو اپنی پہنچ کے ساتھ ساتھ اعتماد بھی بڑھانا چاہئے۔Advertising زور دیا ۔ انہوننے کہا کہ
درجہ حرارت
سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت5 اعشاریہ8 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت14اعشاریہ4 ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔
خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر
اردو میں نشر ہو گا ۔
خدا حافظ